© rasailojaraid.com


ناشر: ۱۳/۷ شاہ فیصل کالونی بلاک نمبر ۳، کراچی

قیمت: درج نہیں، ۲۲۴ صفحات

شاہد مسعود صاحب نے کھیلوں کی تاریخ اور قواعد وضوابط پر مختصر وجامع کتاب لکھی ہے، جن کھیلوں کا ذکر ہے ان میں باسکٹ بال، ہاکی، ٹیبل ٹینس، والی بال، بیڈمنٹن، ٹینس، تھرو بال، فٹ بال، کرکٹ وغیرہ، دلچسپ بات یہ ہے کہ تمام کھیل امریکہ، برطانیہ، فرانس وغیرہ کے ہیں، کوئی ایشیائی کھیل نہیں ہے، لیکن یہی کھیل کالجوں میں بھی رائج ہیں، ہٹلر کے بارے میں لکھا ہے کہ پانچ روز جوش وخروش کے ساتھ کرکٹ ٹیسٹ میچ ہوتا رہا، ہٹلر نے نتیجہ پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ برابر رہا، اس نے اسے فضول کھیل سمجھتے ہوئے پوری ٹیم کو مروادیا تھا۔ اس میں پاکستان میں مروجہ دیسی اور سستے کھیلوں کا بھی اضافہ ہونا چاہئے، یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر کالج کی لائبریری کی زینت بنے۔

کتاب کا نام: اتباع اور اس کے فضائل

مصنف: مولانا محمد تقی عثمانی: تخریج وترتیب: مولانا حسان محمود سبحانی

ناشر: میمن اسلامک بکس دکان نمبر ۲۹، نایاب جامع مسجد لیاقت آباد کراچی

قیمت: درج نہیں، ۲۴۰ صفحات

اس کے مرتب مولانا حسان محمود سبحانی ہیں، مولانا تقی عثمانی صاحب نے جب اس کو مرتب نہیں کیا تو بحیثیت مصنف ان کا نام لکھنا مناسب نہیں، تخریج کا اسلوب بھی عجیب ہے، پرنور دعاؤں کی کتاب کے حوالہ سے بخاری کی حدیث نقل کی ہے، یہ اصول تحقیق وتخریج کے سراسر خلاف ہے، میں اس کا ذکر اس لئے کررہا ہوں کہ موصوف شعبہ تصنیف وتالیف سے وابستہ ہیں، یہ بڑی کوتاہیاں ہیں، کچھ جگہوں پر تخریج بھی نہیں ہے، کتاب میں وضو، نماز، دعائیں اور بسم اللہ کی فضیلتیں اور طریقہ کار کی نشاندہی کی گئی ہے۔ عوام کی اصلاح و تربیت کی اچھی کوشش ہے۔

مجلہ کا نام: سہ ماہی ''انشاء'' شمارہ نمبر ۷۹۔۸۰ جولائی تا دسمبر ۲۰۱۳ء

مدیر: صفدر علی خاں

ناشر: A-۲۲۱ ارم ایونیو فیروزن سیکٹر 15A/2 بفرزون نارتھ کراچی

قیمت: ۱۰۰ روپے، ۱۶۰ صفحات

آج کے دور میں کتب ومجلات کی جگہ انٹرنیٹ نے لے لی ہے، لیکن بہت سے صاحب دل و صاحب عزیمت آج بھی علمی خدمت کے اس شعبہ کو زندہ رکھے ہوئے ہیں، یہ مجلہ ۲۱ سال سے شائع ہو

© rasailojaraid.com